## متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے طوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے باقاعدہ ’’ریلیف مانیٹرنگ سیل‘‘ قائم کرنے کا فیصلہ

## مخیّر حضرات سیلاب سے متاثرہ افراد کی بھرپور امداد کیلئے ایم کیو ایم کا ہاتھ بٹائیں، ڈاکٹر فاروق ستار

کراچی ۔۔۔ یکم جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے طوفانی بارشوں سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے باقاعدہ ’’ریلیف مانیٹرنگ سیل‘‘ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے تحت کراچی اور حیدرآباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز میں امدادی کیمپ لگائے جائیں گے اور امدادی سامان جمع کر کے متاثرہ علاقوں میں بھیجا جائے گا۔ یہ بات آج ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ انہوں نے مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی بھرپور امداد کیلئے ایم کیو ایم کا ہاتھ بٹائیں اور غذائی اجناس، کپڑے، ادویات اور نقد عطیات زیادہ سے زیادہ تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز میں جمع کرائیں۔

پریس کانفرنس کے متن کے مطابق

**معزز صحافی حضرات!**

آپ اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ وطن عزیز پاکستان میں کہیں بھی قدرتی آفات کا ذکر آتا ہے وہیں متحدہ قومی موومنٹ کی عملی خدمات بھی ذہن میں آتی ہیں۔ یہ ایک امر مسلمہ ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ اپنی بساط سے بڑھ کر آفاتِ ناگہانی سے متاثرہ عوام کی مدد کی ہے اور بلاتفریق رنگ و نسل و مذہب و لسانی صرف اور صرف انسانی خدمت کو اپنا شعار بنایا ہے۔ اور یہ بات اپنے عمل سے ثابت کی ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم خالصتاً ’’سیاست برائے خدمت‘‘ پر یقین رکھتی ہے۔ صرف وطن عزیز پاکستان ہی میں نہیں بلکہ جہاں جہاں نسل انسانی کو قدرتی آفات نے گھیرا ہے متحدہ قومی موومنٹ نے آگے بڑھ کر انسانیت کی خدمت میں اپنا حصہ ضرور ڈالا ہے۔ وہ امریکہ میں قطرینہ کی تباہ کاریاں ہوں یا انڈونیشیا اور سری لنکا میں سونامی کی تباہی، ایران میں بام کا قیامت خیز زلزلہ ہو یا آزاد کشمیر و صوبہ سرحد میں بدترین تباہی، پنجاب و بلوچستان میں ماضی کے سیلاب ہوں یا سرحد، بلوچستان و سندھ کی قدرتی آفات یا پھر صحرائے تھر کے ریگزاروں میں قحط کی صورتحال ایم کیو ایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی تاریخ خدمت انسانی کی عملی خدمات سے بھری پڑی ہے۔ ایم کیو ایم امریکہ یونٹ کو ریاست ورجینیا کی طرف سے قطرینہ طوفان سے نبرد آزما ہونے اور عملی خدمات کے اعتراف کے طور پر ہیومن رائٹس اور سول ایوارڈز اور اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ کشمیر اور صوبہ سرحد میں بہترین عملی خدمات کے سلسلے میں حکومت پاکستان کا اعلیٰ ترین اعزاز ’’ستارہ امتیاز‘‘ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے حصے میں آیا جو ہماری عملی خدمات کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں 8 اکتوبر 2005ء کے بعد جو کچھ متحدہ قومی موومنٹ اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے 1500 سے زائد رضا کاروں نے جس طرح مہینوں عملی خدمات سرانجام دی ہیں اور جس طرح ایم کیو ایم کے ارکان قومی اسمبلی، وفاقی و صوبائی وزراء اور ہزاروں کارکن جس طرح سرگرمِ عمل رہے ہیں اور ساڑھے تین ارب روپے کی امداد دنیا بھر میں قائم ایم کیو ایم کے یونٹس کی مدد سے متاثرہ علاقوں میں بھیجی گئی ہے، کئی سو ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف ایم کیو ایم کے پرچم تلے مصروف عمل رہا ہے وہ تاریخ کا حصہ ہے۔ اور خاص طور پر 8 اکتوبر کے سانحہ میں جس طرح اہلیانِ کراچی نے اپنے مصیبت زدہ پاکستانی کشمیری بھائیوں کی مدد کی اس پر عوام اور میڈیا نے اہلیانِ کراچی کو ’’فراخدلانِ کراچی‘‘ کا نام دیا۔ آج خود ’’فراخدلانِ کراچی‘‘ ناگہانی آفات کا شکار ہیں۔ مگر ہمیں نہایت افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ نفرت و تعصب کا یہ عالم ہے کہ بعض ایم کیو ایم مخالف سیاسی و مذہبی جماعتیں اس ناگہانی آفت کو بھی سیاسی رنگ دے رہی ہیں اور اس مصیبت اور آزمائش کے وقت متاثرہ عوام کی مدد کرنے کے بجائے اس مصیبت کے وقت میں بھی سیاسی اسکور کرنے میں مصروف ہیں، حتیٰ کہ وہ اس آفت ناگہانی اور اس طوفان میں جاں بحق ہونے والوں کی موت کا ذمہ دار بھی ایم کیو ایم ہی کو ٹھہرا رہی ہیں۔ ہم ان سیاسی و مذہبی جماعتوں سے یہ سوال کرتے ہیں کہ 8 اکتوبر کے زلزلہ میں صوبہ سرحد پر ایم ایم اے حکمران تھی اور آج بھی سرحد اور بلوچستان میں سیلابی اور طوفانی حالات میں بھی ایم ایم اے کی حکومت ہے تو کیا ایم ایم اے کی حکومتوں کو زلزلے اور سیلاب کی قدرتی آفتوں کا ذمہ دار قرار دیا جائے گا؟

گزشتہ ایک ہفتے سے کراچی سمیت سندھ کے مختلف شہروں، صوبہ بلوچستان اور اب صوبہ سرحد میں بھی طوفان اور بارشوں سے جس بڑے پیمانے پر جو تباہی آئی ہے وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ ایک مرتبہ پھر قوم کو متحد ہو کر ان حالات سے مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے حتیٰ الامکان کوشش کر رہی ہے۔ اندرون سندھ خصوصاً ٹھٹھہ اور بدین سمیت کراچی کی نواحی بستیوں اور خصوصاً گڈاپ ٹاؤن سمیت شہر کے دیگر متاثرہ علاقوں میں ایم کیو ایم کی جانب سے میڈیکل کیمپ کے انعقاد، اشیائے خورد و نوش اور نقد امداد کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے اور ایم کیو ایم کے ارکانِ صوبائی و قومی اسمبلی سمیت صوبائی و وفاقی وزراء سمیت ایم کیو ایم کی مرکزی قیادت

رابطہ کمیٹی تمام آفت زدہ مقامات پر نہ صرف خود پہنچی ہے بلکہ عملی خدمات میں بھی بھرپور حصہ لے رہے ہیں۔حق پرست سٹی ناظم کراچی مصطفیٰ کمال اورحق پرست ناظمین خاص طور پر جس طرح سرگرمِ عمل ہیں وہ بھی سب کے سامنے ہے۔

صوبہ سندھ اور بلوچستان اورصوبہ سرحد میں آنے والے قیامت خیز سیلاب سے بڑے پیانے پر ہونے والی تباہی کے پیش نظر متحدہ قومی موومنٹ نے سیلاب کے متاثرین کی امداد کیلئے ریلیف آپریشن شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس سلسلے میں امدادی سامان جمع کرنے کی غرض سے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز واقع بلاک 14 فیڈرل بی ایریا میں امدادی کیمپ قائم کیا جائے گا۔طوفان وسیلاب کے متاثرین کے لیے امدادی سامان جمع کرنے کیلئے کراچی کے علاوہ حیدرآباد میں بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکز میں امدادی کیمپ لگایا جائے گا۔امدادی سرگرمیوں کے لیے ہم نے ایم کیوایم کے مختلف تنظیمی ونگز کے ذمہ داروں پر مشتمل ایک باقاعدہ ''ریلیف مانیٹرنگ سیل'' قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جوامدادی سامان جمع کرنے اورانہیں متاثرہ علاقوں تک پہنچانے کے تمام عمل کی مانیٹرنگ کرے گا اور ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ زیادہ سے زیادہ امدادی سامان متاثرہ علاقوں میں اپنے مصیبت زدہ بھائیوں تک پہنچایا جائے۔

آپ سب جانتے ہیں کہ قیامت خیز سیلاب کے باعث صوبہ بلوچستان کے کئی شہر مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں،سینکڑوں افراد جاں بحق اورسینکڑوں تاحال لاپتہ ہیں،سینکڑوں افراداب بھی پانی میں گھرے ہوئے ہیں، پوری پوری آبادیاں مٹ چکی ہیں،سڑکیں، پل اورمواصلات کا نظام تباہ ہو چکا ہے۔اسی طرح قیامت خیز طوفان، سیلاب اور بارشوں سے صوبہ سندھ اورصوبہ سرحد کے بیشتر علاقوں میں بھی بڑے پیمانے پر تباہی آئی ہے اور بھاری جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں، املاک کو شدید نقصان پہنچا ہے اورکئی بستیاں مکمل طور پر تباہ ہوچکی ہیں، ہزاروں لوگ بے گھر ہوگئے ہیں اور کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جنہیں غذائی اجناس، دودھ، پینے کے پانی اور دیگر امدادی اشیاء کی اشد ضرورت ہے لہٰذا ہم عوام الناس بالخصوص تاجروں،صنعتکاروں اور دیگر مخیّر حضرات سے انسانیت کے نام پر دردمندانہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ سیلاب سے متاثرہ افراد کی بھرپور امداد کیلئے ایم کیوایم کا ہاتھ بٹائیں اور غذائی اجناس، کپڑے، ادویات اور نقد عطیات زیادہ سے زیادہ تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز میں جمع کرائیں تاکہ مصیبت زدہ عوام کی بھرپور مدد کی جاسکے۔ہم پرعزم ہیں کہ ایک بار پھر مصیبت میں گھرے پاکستانیوں کی مدد میں ہم سے دامے، درمے، سخنے، قدمے جو کچھ بھی بن پڑا ایک بار پھر کریں گے۔ہمیں امید ہے کہ آپ بھی اس کارِعبادت میں ہمارے شانہ بشانہ ہونگے۔

ہم آج اس پریس کانفرنس کے توسط سے صدر جنرل پرویز مشرف، وزیراعظم شوکت عزیز اوروفاقی کابینہ سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ قدرتی آفت سے بڑے پیمانے پر آنے والی اس تباہی کے پیش نظر صوبہ سندھ، بلوچستان اورصوبہ سرحد کے سیلاب اور قیامت خیز بارشوں سے متاثرہ علاقوں کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے، ان علاقوں کے عوام کے ٹیکس معاف کئے جائیں، یہاں کیلئے خصوصی ریلیف پیکیج کا اعلان کیا جائے اور سیلاب میں گھرے ہوئے علاقوں کے عوام کو بچانے کیلئے امدادی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے اورقدرتی آفت سے متاثرہ علاقوں میں بحالی اورمتاثرین کی امداد کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

ہم صوبہ سندھ، بلوچستان اورصوبہ سرحد میں قدرتی آفات کے باعث تباہی سے دوچار ہونے والے متاثرہ عوام سے دلی ہمدردی اور مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اورقدرتی آفت کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قدرتی آفت میں جاں بحق ہونیوالے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

آخر میں ہم ایک بار پھر آپ کی تشریف آوری پر آپ کے شکر گزار ہیں۔

**والسلام**

**ڈاکٹر فاروق ستار (ڈپٹی کنوینر)**

**اراکین رابطہ کمیٹی، پاکستان**

**متحدہ قومی موومنٹ**

## گڈاپ میں طوفان اور سیلابی ریلے سے متاثرہ سینکڑوں خاندانوں میں ایم کیوایم کی جانب سے لاکھوں روپے مالیت کے امدادی سامان کی تقسیم

کراچی ۔۔۔یکم رجولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کراچی کے علاقے گڈاپ میں حالیہ طوفان اور شدید بارشوں سے متاثرہ سینکڑوں خاندانوں میں لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس ،منرل واٹر اور دیگر امدادی سامان تقسیم کیا گیا۔ متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے آج صبح چارٹرکوں کے ذریعے بھیجے جانے والی امدادی اشیاء میں ڈبل روٹی ،شکر، دودھ،منرل واٹر کی بوتلیں ، بسکٹ، آٹا اور دیگر غذائی اشیاء شامل ہیں ۔اتوار کی شب گڈاپ کے علاقے خدا کی بستی میں سیلابی ریلا داخل ہونے کی اطلاع ملنے پر ایم کیوایم کے منتخب نمائندے اور دیگر ذمہ داران نے علاقے کا ہنگامی دورہ کیا اور متاثرین سے ہمدردی کا اظہار کیا۔ بعدازاں صبح چار بجے ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم اور رکن سندھ اسمبلی یوسف منیر شیخ ایم کیوایم کی ایک امدادی ٹیم کے ہمراہ چارٹرک امدادی سامان لیکر گڈاپ کے متاثرہ علاقے خدا کی بستی پہنچے اور ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے ارکان ،پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کی مدد سے یہ امدادی سامان متاثرین میں تقسیم کیا۔گڈاپ ٹاؤن کے ناظمین ،متعلقہ اداروں کے افسران اور ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بھی امدادی سرگرمی میں حصہ لیا۔انہوں نے متاثرین کو ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے سیلابی ریلے میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے سوگوار اہل خانہ سے ملاقات کی اور مرحومین کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔

## اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ کالونی میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت بارشوں اور طوفان سے متاثرہ خاندانوں

کراچی ۔۔۔یکم رجولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ کالونی میں حالیہ طوفان اور شدید بارشوں سے متاثرہ سینکڑوں خاندانوں میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان تقسیم کیا گیا۔اس سلسلے میں اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ کالونی کے علاقوں میں امدادی کیمپ قائم کیے گئے ۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم ،حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی ،رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ ،ارکان سندھ اسمبلی اقبال قادری ایڈوکیٹ ،عبدالقدوس ،اورنگی ٹاؤن کے ناظم عبدالحق ،نائب ناظم شاہد نے شرکت کی اور متاثرین میں غذائی اجناس اور دیگر امدادی اشیاء تقسیم کیں ۔اس موقع پر اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے ۔اس موقع پر انور عالم نے کہا کہ دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت متحدہ قومی موومنٹ کا نصیب العین ہے اور متحدہ قومی موومنٹ بارشوں اور طوفان سے متاثرہ عوام کی امداد اپنا فریضہ سمجھ کر انجام دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے کسی بھی سانحہ ،حادثے یا قدرتی آفات یا کسی بھی مشکل گھڑی میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑا اور ہر حال میں ان کی ہر ممکن مدد کرتی ہے کیونکہ یہی قائد تحریک الطاف حسین کی منتخب نمائندوں اور اپنے کارکنان کو ہدایت بھی ہیں ۔اس موقع پر اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ کے بارشوں سے متاثرہ عوام نے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور قائد تحریک کی درزی عمر صحتیابی کیلئے دعائیں کیں ۔ایم کیوایم کے نمائندوں نے اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ کے مختلف متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا عوام سے ملاقات کیں اور ان کے مسائل سننے کے بعد انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ میں صفائی ستھرائی اور عوام کو درپیش پریشانیوں کے حل کیلئے موقع پر احکامات جاری کیے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان نے مکینوں کی مدد سے نیو کراچی میں نکاسی آب کے کاموں میں حصہ لیا

کراچی ۔۔۔یکم ،جولائی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے نیو کراچی میں سیلابی ریلے سے متاثرہ علاقوں نکاسی آب کے کام میں حصہ لیا گیا جس کے باعث مکینوں کے معمولات زندگی بحال ہوگئے ۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں شدید بارشوں کے باعث نیو کراچی کے خمیسو گوٹھ یوسی 9 اور بلال کالونی یوسی 8 میں سیلابی پانی گھروں میں گھٹنوں گھٹنوں جمع ہوگیا جس کے باعث متاثرہ علاقے کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان نے مکینوں کی مدد سے پانی کی نکاسی کے کام میں حصہ لیا۔ایم کیوایم کے کارکنان کی امدادی سرگرمیوں کے باعث علاقے میں مکینوں کی مشکلات کا خاتمہ ہوگیا ہے اور مکینوں کے معمولات زندگی بحال ہوگئے ہیں ۔